پی سی بی نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے بقیہ میچوں کے شیڈول کا اعلان کر دیا

لاہور، 2 ستمبر 2020ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے بقیہ میچوں کے شیڈول کا اعلان کر دیا ہے۔ کوویڈ 19 کے سبب ایونٹ کے بقیہ میچز 17 مارچ کو ملتوی کر دیئے گئے تھے۔

ایونٹ کے چاروں بقیہ میچز 14، 15 اور 17 نومبر کو لاہور میں کھیلے جائیں گے۔ چودہ نومبر کو ایونٹ کا کوالیفائر اور ایلیمنٹر ون، ڈبل ہیڈر کی بنیاد پر کھیلے جائیں گے۔ اس کے اگلے روز ایلیمنٹر ٹو جبکہ فائنل 17 نومبر بروز منگل کو ہو گا۔

ایونٹ کے بقیہ میچوں کی تاریخوں کو چاروں ٹیموں - ملتان سلطانز، کراچی کنگز، لاہور قلندرز اور پشاور زلمی - کی مشاورت سے حتمی شکل دی گئی ہے جبکہ میچوں کے آغاز کا وقت بعد میں جاری کیا جائے گا۔

ایونٹ کے بقیہ چاروں میچز کوویڈ 19 پروٹوکولز کے تحت کھیلے جائیں جہاں تمام کھلاڑی، میچ آفیشلز اور متعلقہ اسٹاف بائیو سیکیور ماحول میں رہے گا۔ فی الحال چاروں میچز بند دروازوں میں کھیلے جانے کا پلان ہے تاہم اس حوالے سے حتمی فیصلہ اکتوبر میں ہو گا۔

وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو وسیم خان کا کہنا ہے کہ اس اعلان کے بعد نہ صرف تمام قیاس آرائیاں دم توڑ جائیں گی بلکہ اب ان میچوں کی تیاری کے لیے تمام ٹیموں کے پاس بھی مناسب وقت موجود ہے۔

چیف ایگزیکٹو پی سی بی کا کہنا ہے کہ فی الحال سب سے اہم یہ تھا کہ ٹورنامنٹ میں شریک یہ ٹیمیں ان تاریخوں کو اپنی ڈائری میں درج کرلیں۔

وسیم خان نے کہا کہ پی سی بی شروع سے ہی ان چاروں میچوں کے انعقاد کے لیے پر عزم تھا اور پی سی بی کے خیال میں ایچ بی ایل پی ایس ایل جیسے ایونٹ کا فاتح ضرور سامنے آنا چاہیے۔ ہم نے رواں سال کے آغاز میں ایونٹ کے لیے بھرپور جوش وخروش دیکھا اور ہم پر امید ہیں کہ ان بقیہ میچوں سے قبل بھی مداحوں کے لیے تشہیری مہم کا آغاز ہو گا۔

انہوں نے مزید کہا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے بقیہ چاروں میچوں کے انعقاد کا اعلان اس بات کی بھی تائید ہے کہ پاکستان کوویڈ 19 کی وباء پر قابو پانے میں کامیاب ہوگیا ہے، دیگر کھیلوں کی طرح کرکٹ کے ڈومیسٹک سیزن 21-2020 کا آغاز بھی جلد ہو رہا ہے جہاں مختلف ایج گروپس، مینز اور ویمنز کرکٹ کے مقابلوں سمیت زمباوے اور جنوبی افریقہ کے ساتھ ہوم سیریز بھی کھیلی جائیں گی۔

ڈومیسٹک سیزن 21-2020 کے میچوں کا کامیاب انعقاد آئندہ سال فروری، مارچ میں ایچ بی ایل پی ایس ایل 2021 کے لیے معاون ثابت ہو گا، ہم عوام کے چہروں پر خوشیاں بانٹنے کے منتظر ہیں۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل کے بقیہ میچوں میں شامل چار ٹیموں میں سے صرف پشاور زلمی ہی اس سے قبل ایونٹ کی فاتح رہ چکی ہے۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020، ایشیاء کپ 2008 کے بعد پاکستان میں منعقدہ دوسرا بڑا ٹورنامنٹ ہے۔ ایونٹ کی کُل انعامی رقم 10 لاکھ امریکی ڈالر مقرر ہے۔ ایونٹ کی فاتح ٹیم کو ٹرافی کے علاوہ پانچ لاکھ امریکی ڈالر کی انعامی رقم دی جائے گی۔ رنرز اپ کے لیے 2 لاکھ امریکی ڈالر کی رقم مقرر ہے۔

شیڈول:

14 نومبر بروز ہفتہ: کوالیفائر (ملتان سلطانز بمقابلہ کراچی کنگز)، قذافی اسٹیڈیم لاہور؛ ایلمنٹر ون (لاہور قلندرز بمقابلہ پشاور زلمی)، قذافی اسٹیڈیم لاہور

15 نومبر بروز اتوار: ایلمنٹر ٹو (کوالیفائر ہارنے والی ٹیم بمقابلہ ایلمنٹر ون جیتنے والی ٹیم)، قذافی اسٹیڈیم لاہور

17 نومبر بروز منگل: فائنل، قذافی اسٹیڈیم لاہور

Points table (as on 15 March 2020 after 30 league matches)

Team	Played	Won	Lost	NR	Points	NNR
Multan Sultans	10	6	2	2	14	1.031
Karachi Kings	10	5	4	1	11	-0.19
Lahore Qalandars	10	5	5	0	10	-0.072
Peshawar Zalmi	10	4	5	1	9	-0.055
Quetta Gladiators	10	4	5	1	9	-0.722
Islamabad United	10	3	6	1	7	0.185

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing

sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4